© rasailojaraid.com

سالانہ تفریح

یوں تو دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے طلبہ کو مدرسہ کی طرف سے ہر سال برسات کے موسم میں ایک سالانہ تفریح کرائی جاتی ہے لیکن اس سال یہ تفریح جن نشاط انگیزیوں کے ساتھ ہوئی ہے، شاید یہ منظر اس سے پہلے کبھی بھی حاصل نہیں ہوا۔ کئی دن کی بارش سے فضا کیف انگیز خنکیوں سے یوں ہی معمور ہو رہی تھی کہ جمعہ کی روانگی تھی اس دن بھی صبح ہی سے جھڑی لگ گئی۔ ۲۴ جمادی الاخری ۵۹ھ مطابق ۳۱ جولائی ۴۰ء کو تقریباً ۲½ بجے دن میں تین لاریاں ہمیں لیجانے کیلئے مدرسہ کے سامنے آکر کھڑی ہوگئیں۔ ابھی لاریاں روانہ بھی نہ ہوئی تھیں کہ مشرق سے ایک گھٹا اٹھی اور بوندا باندی ہونے لگی، اسی فرحت بخش سماں میں لاریاں روانہ ہوئیں، اور لہلہاتے ہوئے سبزہ زاروں کو طے کرتی ہوئی تقریباً ۵ بجے شام کو قطب لاٹ پہنچ گئیں۔ ہمارے پہنچنے سے چند ہی منٹ پہلے وہاں خوب بارش ہو چکی تھی، اسلئے سڑکوں پر ابھی تک پانی کا ریلہ باقی تھا۔ وہاں جناب مہتمم صاحب کی عالیشان کوٹھی "حبیب منزل" میں قیام ہوا۔ جو نہایت وسیع اور ہوادار بالکل لب سڑک بنی ہوئی ہے۔ شام کا منظر نہایت خوشگوار اور بہجت انگیز تھا اسلئے تمام طلبہ اِدھر اُدھر پہاڑیوں پر پھیل گئے۔ اور مغرب تک قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ مغرب کے بعد کھانے سے فارغ ہوئے تو عشا تک خوش گپیوں میں رہے۔ عشا کے بعد ایک بزم مشاعرہ منعقد ہوئی اور دیر تک جاری رہی۔ دوسرے روز فجر کی نماز کے بعد پھر تمام لوگ تفریح کیلئے نکل گئے اور باغات وغیرہ کی سیر کرتے رہے جھرنے میں پانی خوب گر رہا تھا اسلئے کچھ لوگوں نے اس میں غسل بھی کیا۔ اور کھانے کے وقت تک اپنی منزل پر واپس آگئے۔ دونوں وقتوں میں پر تکلف کھانے کا انتظام تھا جو دہلی کے خاص باورچیوں کے ذریعہ تیار کرایا گیا تھا ـــــ ۲۵ جمادی الاخری ۵۹ھ مطابق یکم اگست ۴۰ء کو شام کے ۵ بجے واپس ہوئے اور راستہ میں بعض تاریخی مقامات "پرانا قلعہ" وغیرہ دیکھتے ہوئے مغرب تک مدرسہ پہنچ گئے۔

اللہ تعالیٰ جناب مہتمم صاحب کو غریب طالبعلموں کے ساتھ ان نوازشات کا بہترین صلہ عطا فرمائے، اور ان پر ہمیشہ اپنی رحمتوں کا سایہ رکھے۔ اللھم آمین

(بقیہ صفحہ ۵) مجھے نہ اتنی فرصت ملتی ہے اور نہ براہ راست ان زبانوں سے اتنی واقفیت رکھتا ہوں جن میں اس مسئلہ کا مواد ملتا ہو۔ دراصل "ذلك الكتاب لا ريب فيه" کی کامل تفسیر بغیر اس کے مکمل نہیں ہو سکتی خدا کرے اللہ کے بندوں میں کسی کو اس کی توفیق میسر آجائے ورنہ جس طرح ممکن ہوگا مرتب کر اللہ چاہیگا تو یہی فقیر اس کی تکمیل کی کوشش کرے گا۔ واللہ ولی الامر والتوفیق ✦

© rasailojaraid.com